سفر آخرت کے راہی

انا للہ وانا الیہ راجعون

اللھم اغفر للمؤمنین والمومنات والمسلمین والمسلمات واعذھم من فتنة القبر وعذاب النار وعافھم واعف عنھم وادخلھم جنت الفردوس٥

مولانا محمد رمضان یوسف سلفی کو صدمہ

جماعت غرباء اہلحدیث پنجاب کے مرکزی راہنما معروف مصنف اور مقالہ نویس مولانا محمد رمضان یوسف سلفی کے سسر ماسٹر رفیق احمد گذشتہ دنوں اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئے۔ مرحوم نیک اور صالح انسان تھے اللہ تبارک وتعالیٰ ان کی حسنات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

مولانا بشیر احمد انصاری صاحب کو صدمہ

ہفت روزہ اہل حدیث کے مدیر اعلیٰ مولانا بشیر احمد انصاری صاحب کی اہلیہ کچھ عرصہ علیل رہ کر گذشتہ دنوں اس دار فانی کو خیر باد کہہ گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں ان کی وفات مولانا انصاری اور ان کے خاندان کے لئے بہت بڑا صدمہ ہے۔ ادارہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد مولانا انصاری صاحب سے دلی افسوس کا اظہار کرتا ہے۔ اور مرحومہ کی مغفرت تامہ کے لئے دعا گو ہے۔

مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب کو صدمہ

مؤرخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی حفظہ اللہ کی بھاوج چک نمبر 453 گ ب منظور پور ڈھیسیاں میں اچانک وفات پا گئیں۔ ان کی اچانک موت خاندان کے لیے بہت بڑے صدمے کا باعث ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور بھٹی صاحب اور ان کے خاندان کو صبر جمیل کی توفیق دے (آمین)

قاری محمد یاسین اور مولانا عبدالرحیم مبارک کی رحلت

چند روز پیشتر فیصل آباد میں جماعت کے دو معروف مدرسین قاری محمد یاسین (شالیمار پارک) اور مولانا عبدالرحیم مبارک فاضل مدینہ یونیورسٹی (آف سجاداں سرگودھا روڈ) وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ ان مرحومین کی دینی مساعی کو قبول فرما کر انہیں جنت میں ارفع مقام عطا فرمائے (آمین)

ادارہ جامعہ سلفیہ کے تمام اساتذہ' انتظامیہ اور طلبہ پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور اللہ رب العزت سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنة الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ (آمین)